PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

راولپنڈی ٹیسٹ کا تیسرا روز بھی بارش سے متاثر

لاہور،13دسمبر2019ء:

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں جاری ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز بارش اور کم روشنی کے باعث محض 5.2اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکا۔ دن کے اختتام پر مہمان ٹیم نےپہلی اننگز میں91.5اوورز میں 6وکٹوں کے نقصان پر282 رنزبنالیے ہیں۔

میچ کے تیسرے روزسری لنکا کی جانب سے دھنن جیا ڈی سلوا اور دلروان پریرا پر مشتمل جوڑی نے 6وکٹوں کے نقصان پر 263 اسکور سےاپنی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کیا ۔

72 کے انفرادی اسکور سے کھیل کا دوبارہ آغاز کرنے والے دھن جیا ڈی سلوا نے کھیل کے اختتام پر 87 رنزبنالیے ہیں جبکہ دلروان پریرا 6 رنز بناکر ان کا ساتھ دے رہے۔ دونوں کھلاڑی میچ کے چوتھے روز سری لنکا کی پہلی اننگز کا دوبارہ آغاز کریں گے۔

پاکستان کی جانب سے 16سالہ فاسٹ باؤلر نسیم شاہ اور شاہین شاہ آفریدی 2،2 جبکہ محمد عباس اور عثمان شنواری ایک ایک وکٹ حاصل کرچکے ہیں۔

اس سے قبل کم روشنی کے باعث میچ کے پہلے روز 68.1اور دوسرے روز 18.2اوورز کا کھیل ہی ممکن ہوسکاتھا۔

پاکستان کی جانب سے اوپنر عابد علی اور فاسٹ باؤلر عثمان شنواری راولپنڈی ٹیسٹ میں اپنا ڈیبیو کررہے ہیں۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content

Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk